© rasailojaraid.com





# تعارف و تبصرۂ کتب

مولانا سمیع الحق
قاضی عبدالسلیم

**حجاز معلم عربی حصہ اول و دوم** | مولانا سعید احمد ۔ صفحات حصہ اول ۱۰۴ ۔ حصہ دوم ۲۹۵
ناشر، قرطبہ ٹریڈرز ۔ سیالکوٹ ۔

"عربی زبان" قرآن حکیم اور رسول عربی صلی اللہ علیہ وسلم اور خود باری تعالیٰ کی اختیار فرمودہ زبان ہے قرآنی علوم و معارف، اسلامی احکام و تعلیمات، نبوی ارشادات و ہدایات سب عربی میں ہیں ۔ پھر قرآن و سنت کی اولین تشریحات خواہ وہ علم تفسیر ہو یا علم حدیث ۔ علم اصول تفسیر ہو یا علم اصول حدیث ۔ مسائل کا استنباط و اجتہاد ہو یا سلوک و تصوف اور احسان ہو ۔ علم شریعت کے اسرار و رموز ہوں ۔ اوائل میں سب کی تدوین عربی زبان میں ہوئی ہے ۔ اسلام کا جامع نظام سیاست بنیادی طور پہ جتنی کتابوں میں بھی مرتب ہوا ہے ۔ وہ سب عربی زبان میں ہیں ۔ اور اب اس گئے گذرے دور میں بھی عالمی سطح پر مسلمان جہاں بھی ہیں سب کو عربی زبان سے محبت ہے ۔ قرآنی اور اسلامی زبان ہونے کے پیش نظر تھوڑا بہت فہم و ادراک کر لیا جاتا ہے

موجودہ ترقی یافتہ دور میں تدریسی اور تعلیمی اعتبار سے اس بات کی شدید ضرورت تھی کہ کم وقت میں عربی زبان، اس کی گرائمر کے بنیادی قواعد، صرف و نحو کے اولین مباحث ۔ عربی تکلم کی مشق، روزمرہ کی مثالیں اور اس سلسلہ کی تمام ضروریات کو سہل اور آسان طریقہ سے اس طرح پڑھایا جائے کہ طلبہ میں اکتاہٹ کے بجائے مزید ذوق تحصیل اور اشتیاق پیدا ہو ۔

قدیم طرز کی طویل ترین تقاریر اور ایک نہ ختم ہونے والا سلسلۂ سوال و جواب اور محض خیال اور واہمی اشکالات کے جوابات کی طویل ترین مباحث کے بجائے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ استفادہ کیا جا سکے ۔ خدا کا شکر ہے کہ ہمارے فاضل دوست، جناب حضرت مولانا سعید احمد عنایت اللہ مدظلہ نے اس سلسلہ کے پہلے ہی قدم میں ایک مختصر مگر جامع، سہل، سلیس اور نہایت ہی دلچسپ رسالہ

© rasailojaraid.com